کراچی ٹیسٹ میں فتح کے لیےپاکستان کو مزید 3 وکٹیں درکار

لاہور،22دسمبر2019ء:

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری ٹیسٹ میچ کے آخری روز پاکستان کو فتح کے لیے3 وکٹیں جبکہ سری لنکا کو مزید 264 رنز درکار ہیں۔ آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل سری لنکا کے خلاف سیریز کے دوسرے میچ میں پاکستان نےاپنی دوسری اننگز 3وکٹوں کے نقصان پر 555رنز پر ڈکلیئر کردی۔میزبان ٹیم نے سری لنکا کو جیت کے لیے 476 رنز کا ہدف دیاتاہم فاسٹ باؤلرنسیم شاہ کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت مہمان ٹیم کے 7کھلاڑی 212 کے مجموعی اسکور پرپویلین واپس لوٹ چکے ہیں۔

پاکستان کی جانب سے نسیم شاہ تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کرچکے ہیں جبکہ سری لنکا کے اوپنر اوشاڈا فرنینڈو 102کے انفرادی اسکور سے میچ کے پانچویں روز کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

اس سے قبل میزبان ٹیم نے 315 رنز کی برتری سے میچ کےچوتھے روز اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا تو اظہر علی 57اور بابراعظم 22 کے انفرادی اسکور پر موجود تھے۔ دونوں کھلاڑیوں نےپراعتمادانداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے اتوار کے روز قدرے تیز کھیل پیش کرتے ہوئے سنچریاں اسکور کیں۔

عابد علی اور شان مسعود کے بعد اظہر علی اور بابراعظم کی سنچریوں کی بدولت ٹیسٹ کرکٹ میں پاکستان نے ایک نیا ریکارڈ قائم کردیا ہے۔ ایک اننگز میں 4 ابتدائی کھلاڑیوں کی جانب سے سنچریاں بنانے کایہ ریکارڈ پاکستان کی تاریخ میں پہلا اور دنیائے کرکٹ میں دوسرا واقعہ ہے۔

اظہر علی 118 رنز بناکر آؤٹ ہوئے جبکہ بابراعظم نے 100 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 148 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان 21 رنزبناکر ناٹ آؤٹ رہے۔ پاکستان نے 131 اوورز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 555 رنزبناکر اپنی دوسری اننگز ڈکلیئر

کردی۔ لاہیرو کمارا نے میچ میں 6وکٹیں حاصل کیں۔

476رنزکے تعاقب میں مہمان ٹیم دوسری اننگز میں بھی بہتر کھیل پیش نہ کرسکی اور محض 97 رنز پر آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ گئی تاہم چھٹی وکٹ کی شراکت میں اوپنر اوشاڈا فرنینڈو اور نروشن ڈک ویلا نے 104 رنز جوڑے۔ اوشاڈا فرنینڈو نے سنچری اور نروشن ڈک ویلا نے نصف سنچری اسکور کی۔ وکٹ کیپر بیٹسمین نروشن ڈک ویلا 65 رنزبناکر آؤٹ ہوئے۔

ڈک ویلا کے علاوہ سری لنکا کا کوئی بلے باز بھی اوشاڈا فرنینڈو کا ساتھ دینے میں ناکام رہا۔ پہلی اننگز میں بہتر کھیل کا مظاہرہ کرنے والے دلروان پریرا بھی دوسری اننگز میں خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکے۔ وہ چوتھے روز سری لنکا کے آؤٹ ہونے والے آخری بیٹسمین تھے جو دن کی آخری گیند پر 5 رنزبناکر آؤٹ ہوئے۔

مہمان ٹیم میچ کے آخری روز7وکٹوں کے نقصان پر 212 رنزسے اپنی دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کرے گی۔

پاکستان کی جانب سے نسیم شاہ 3 جبکہ یاسر شاہ، حارث سہیل، محمد عباس اور شاہین شاہ آفریدی 1،1 وکٹ حاصل کرچکے ہیں۔

اس سے قبل پہلی اننگز میں پاکستان کے 191 رنز کے جواب میں سری لنکا کی پوری ٹیم 271 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk